# سوال

(160) میں نے مکان بنانے کے لئے زمین خریدی لیکن بعد میں اسے فروخت کردیا

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے پاس ایک قطعہ اراضی تھا جسے میں نے مکان بنانے کے لئے خریدا تھا لیکن پھر ایک مدت بعد کسی ضرورت کے پیش نظر میں نے اسے بیچ دیا تو کیا اس مدت کی مجھ پر زکوۃ ہوگی جس میں میں نے اسے فروخت نہیں کیا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر امر واقعہ اسی طرح ہے جس طرح سوال میں مذکور ہے تو آپ پر گزشتہ مدت کی زکوۃ واجب نہیں ہے کیونکہ اس وقت وجوب زکوۃ کی علت یعنی قصد بیع مفقود تھی یعنی اس وقت آپ کا مقصود اسے فروخت کرنا نہ تھا۔

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

## صفحہ 263

## محدث فتویٰ